سندھ آرڈیننس نمبر XXIII مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XXIII OF 2002

سندھ کے وزراء کی (تنخواہ، الائونسز اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH MINISTERS (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVELEGES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۵ کے ایکٹ VIII کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of section 5 of Act VIII of 1975

۳۔ ۱۹۷۵ کے ایکٹ VIII کی دفعہ ۷ کی ترمیم

Amendment of section 7 of Act VIII of 1975

۴۔ ۱۹۷۵ کے ایکٹ VIII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of section 10 of Act VIII of 1975

سندھ آرڈیننس نمبر XXIII مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XXIII OF 2002

سندھ کے وزراء کی (تنخواہ، الائونسز اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH MINISTERS (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVELEGES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۱۵جولائی، ۲۰۰۲]

آرڈیننس جس کے توسط سے سندھ کے وزراء کی (تنخواہ، الائونسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائیگی۔

جیسا کہ سندھ کے وزراء کی (تنخواہ، الائونسز اور مراعات)، ایکٹ ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہو گیا ہے، جو اس طرح ہو گی؛

تمہید (Preamble)

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پروویژنل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر، 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پروویژنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پروویژنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ کے وزراء کی (تنخواہ، الائونسز اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائیگا۔ (۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا اور 1 دسمبر ۲۰۰۱ سے نافذ سمجھا جائیگا۔	مختصر عنوان اور شروعات Short title and commencement
2. سندھ کے وزراء کی (تنخواہ، الائونسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں، جس کو اس کے بعد بھی مندرجہ ذیل ایکٹ کہا جائیگا، اس کی دفعہ ۵ میں، الفاظ "اکیس ہزار" کے لیئے الفاظ "بتیس ہزار" اور الفاظ "اٹھارہ ہزار" کے لیئے لفظ "ستائیس ہزار" متبادل ہونگے۔	۱۹۷۵ کے ایکٹ VIII کی دفعہ ۵ کی ترمیم Amendment of section 5 of Act VIII of 1975
3. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۷ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، مندرجہ ذیل متبادل ہونگے: " (۲) جہاں ایک وزیر کو سرکاری رہائشگاہ نہیں دی جائے یا وہ اپنے گھر یا نجی رہائشگاہ میں رہنے کو ترجیح دے تو ان کو ماہوار ۳۵ ہزار روپے ادا کیئے جائینگے، اس کے ساتھ فقط ایک دفعہ مکان دینے کے لیئے ساٹھ ہزار روپے دیئے جائینگے، پھر چاہیئے وہ وزیر مقرر کیا گیا ہے یا اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کے حیثیت سے مدت کے دوراں دس مارچ ۱۹۸۵ کے بعد منتخب کیا گیا ہے، یا نئی اسمبلی کی انتخاب میں منتخب کیا گیا ہے۔"	۱۹۷۵ کے ایکٹ VIII کی دفعہ ۷ کی ترمیم Amendment of section 7 of Act VIII of 1975
4. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۱۰ میں، الفاظ "چار سو اور پچاس" کے لیئے لفظ "پانچ سو اور پچاس" متبادل ہونگے۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**	۱۹۷۵ کے ایکٹ VIII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم Amendment of section 10 of Act VIII of 1975